Fikr-o-Nasar (Islamabad) 29:4 (1992)

# تبصــــرہ کتب

نام کتاب :حکیم محمد موسیٰ امرتسری : ایک ادارہ ، ایک تحریک
مؤلف : سیّد محمد عبداللہ قادری
ناشر : داتا گنج بخش اکیڈمی، ہمایوں سٹریٹ، بلال گنج لاہور
صفحات : اسّی
قیمت : تیس روپے

جناب حکیم محمد موسیٰ امرتسری اپنی علم دوستی اور کتاب شناسی کی بدولت ملک کے علمی اور دینی حلقوں کی جانی پہچانی شخصیت ہیں ۔ حال ہی میں انہوں نے چھ ہزار کے لگ بھگ کتابوں پر مشتمل اپنا کتب خانہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بطور عطیہ پیش کیا ہے۔ حکیم صاحب نے مختلف اشاعتی اداروں کے زیر اہتمام درجنوں کتابچے ہزاروں کی تعداد میں تقسیم کیے ہیں ۔ نشرواشاعت کے ساتھ ساتھ انہوں نے خود بھی چند بہت وقیع مضامین قلمبند کیے ہیں جن میں حضرت علی ہجویریؒ کی تالیف ,,کشف المحجوب،، پر ان کا مقدمہ خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے جو مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری کے ,,ترجمۂ کشف المحجوب،، کے ساتھ شائع ہوا ہے۔

سیّد محمد عبداللہ قادری کو نہ صرف حکیم محمد موسیٰ امرتسری صاحب سے عقیدت و ارادت ہے بلکہ انہیں دو سال حکیم صاحب کے بہت قریب رہنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے حکیم صاحب کی سوانح حیات اور علمی و دینی خدمات پر یہ کتابچہ لکھ کر اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



روایت کو آگے بڑھایا ہے کہ اہل علم و دانش کی قدر دانی ان کی زندگی میں بھی ہونی چاہیئے ۔ قادری صاحب کی یہ پہلی کاوش ہے جو کتابی شکل میں شائع ہوئی ہے ، چند فنی کمزوریوں کے باوجود کتابچہ اردو کے سوانحی ادب میں مفید اضافہ ہے۔

(اختر راہی)

★★★